# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم

نئے الفاظ: جگ ، بھلائی ، شرافت ، بدولت

بُرائی کو جگ سے مٹایا نبیؐ نے
بھلائی کا رستہ دکھایا نبیؐ نے

بڑائی جو چاہو تو ہے سادگی میں
سبق سادگی کا پڑھایا نبیؐ نے

محبت شرافت کی تعلیم دے کر
ہمیں اچھا انساں بنایا نبیؐ نے

خدا نے جو قرآن میں حکم بھیجے
عمل اُن پہ کرکے دکھایا نبیؐ نے

سلام آپؐ کرتے تھے بچوں کو رُک کر
عمل کیسا پیارا بتایا نبیؐ نے

بڑے مہربان اور ہمدرد تھے وہ
کسی کے نہ دل کو دکھایا نبیؐ نے

نبیؐ کی بدولت ضیاؔ رب ملا ہے
وہی اک خدا ہے بتایا نبیؐ نے

ضیاالحسن ضیاؔ

